The Absolute Reality

www.quran4u.com

قَدْ أَفْلَحَ مَن تَزَكَّىٰ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّىٰ

بے شک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhary

(فتح محمد جالندهري)

سورة الأعلى

Urdu Translation اردو ترجمہ

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

(اے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے پروردگار جلیل الشان کے نام کی تسبیح کرو	1.
جس نے (انسان کو) بنایا پھر (اسکے اعضاء کو) درست کیا	2.
اور جس نے اس کا اندازہ ٹھیرایا (پھر اسکو) راستہ بتایا	3.
اور جس نے چارہ اگایا	4.
پھر اس کو سیاہ رنگ کا کوڑا کر دیا	5.
ہم تمہیں پڑھائیں گے کہ تم فراموش نہ کرسکو گے	6.
مگر جو خدا چاہے وہ کھلی بات کو بھی جانتا ہے اور چھپی کو بھی	7.

.8	ہم تم کو آسان طریقے کی توفیق دیں گے
.9	سو جہاں تک نصیحت کے نافع (ہونے کی امید) ہو نصیحت کرتے رہو
.10	جو خوف رکھتا ہے وہ تو نصیحت پکڑے گا
.11	اور (بے خوف) بدبخت پہلو تہی کرے گا
.12	جو (قیامت کو) بڑی (تیز) آگ میں داخل ہو گا
.13	پھر وہاں نہ مرے گا اور نہ جئے گا
.14	بے شک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا
.15	اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا
.16	مگر تم لوگ دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو
.17	حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے
.18	یہی بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے
.19	(یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com